**حکومتِ الٰہیہ کے قیام کی دعوت** | حجم ۱۶ صفحات قیمت ۳ ر پتہ :۔ ادارۂ دعوت الحق بیگم بازار کوچہ گھانس منڈی حیدر آباد دکن۔

معارف اعظم گڑھ کی کسی پچھلی اشاعت میں جناب مولانا سید سلیمان ندوی کا ایک خطبۂ صدارت شائع ہوا تھا جو موصوف نے بمبئی کی صوبہ جمعیتہ علماء کے اجلاس میں پڑھا تھا۔ ناشر نے اس کو ہی کسی قدر ترمیم کے ساتھ رسالہ کی شکل میں شائع کر دیا ہے اور اپنی طرف سے ذیلی عنوانات کا اضافہ بھی کر دیا ہے۔ ہر مسلمان کے لئے اس کا مطالعہ بصیرت کا سبب ہوگا۔

**اٹھارہ ستارے** | از متین طارق صاحب باغپتی تقطیع خورد حجم ۱۶۰ صفحات قیمت دو روپئے پتہ :۔ محمد متین طارق باغپتی خاکسار منزل باغپت ضلع میرٹھ

اس میں کانگریس۔ مسلم لیگ۔ کمیونسٹ۔ جمعیتہ علمائے ہند اور سوشلسٹ پارٹی وغیرہ پارٹیوں کے اٹھارہ نامور اشخاص و افراد کے حالات یکساں احترام و عقیدت کے ساتھ بیان کئے گئے ہیں اور ہر صاحب سوانح کے حالات سے پہلے اس کا فوٹو بھی شائع کیا گیا ہے۔

**ہلالِ یثرب** | از جناب احمد صاحب سہارنپوری تقطیع خورد ضخامت ۱۱۱ صفحات طباعت کتابت بہتر قیمت عہ پتہ :۔ ادارۂ بزم غریب خانی بلاغ سہارنپور۔

یہ جناب احمد سہارنپوری کے کلام کا ایک مجموعہ ہے جس میں چند نعتیہ نظمیں، نعتیہ گیت اور سلام شامل ہیں۔ نعت میں اچھے اور موثر شعر کہنا ہر شاعر کے بس کی بات نہیں خواہ وہ فنِ شاعری میں کیسا ہی کمال رکھتا ہو۔ لیکن اس مجموعہ کے مولف کو قدرت نے نعت گوئی کا ایک خاص ذوق عطا فرمایا ہے ان اشعار کی برجستگی۔ ولولہ انگیزی اور اثر آفرینی شاعر کے قلبی سوز و گداز اور حقیقی حب نبوی کی آئینہ دار ہے۔ ان نظموں کا پڑھنا اور سننا ہم خرما و ہم ثواب کا مصداق ہوگا۔

(باقی تبصرہ صفحہ ۳۱۴ پر ملاحظہ ہو)